ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರ – 560 003

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESWARAM, BENGALORE - 560 003**

# ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ ಪೂರಕ ಪರೀಕ್ಷೆ – 2021

# S.S.L.C SUPPLEMENTARY EXAMINATION – 2021

## ಪತ್ರಿಕೆ / Paper – 02

ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ + ದ್ವಿತೀಯ ಭಾಷೆ + ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ / ಎನ್.ಎಸ್.ಕ್ಯೂಎಫ್

**Subjects : First Language + Second Language + Third Language / NSQF**

**Key Answers**

ಉತ್ತರಗಳ ಸಂಕೇತ

ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12U — **Code No. : 12U**

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 40+40+40=120] — **[Total No. of Questions : 40+40+40=120**

## FIRST LANGUAGE URDU

درج ذیل ہرسوال / نامکمل جملوں کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے صحیح جواب کا انتخاب کر کے فراہم کی گئی OMR پرچہ میں حروف تہجی (ALPHABET) کے دائرے میں سیاہ یا نیلے قلم کی مدد سے اچھی طرح رنگ بھریں (SHADE)۔

[40 × 1 = 40]

1) صدائے کن سے ابد تک شباب تیرا ہے۔

مندرجہ بالا مصرعہ کے ثانی مصرعہ کی نشاندہی کیجئے۔

A) اندھیری شب بھی تری آفتاب تیرا ہے

B) عیاں بھی تو ہے اور پنہاں حجاب تیرا ہے

C) تو یومِ دین کا مالک، حساب تیرا ہے

D) نمازِ عشق کا ہر اک نصاب تیرا ہے۔

Ans : B) عیاں بھی تو ہے اور پنہاں حجاب تیرا ہے

2) خدا کی تعریف میں لکھی گئی نظم کو کہتے ہیں۔

A) نعت　　B) حمد

C) رباعی　　D) مرثیہ

B) Ans : حمد

3) حجتہ الوداع کے موقع پر مسلمانوں کی تعداد تھی۔

A) تقریباً ایک ہزار　　B) تقریباً دولاکھ

C) تقریباً ایک لاکھ　　D) تقریباً ایک کڑوڑ

C) Ans : تقریباً ایک لاکھ

4) ''لوگو! امن وسکون کے ساتھ، لوگو! امن وسکون کے ساتھ۔''

یہ جملہ اِس سبق سے لیا گیا ہے۔

A) درشٹی　　B) حجتہ الوداع

C) طوطی ہند امیر خسرو　　D) جواہر لال نہرو کی اردو دوستی

B) Ans : حجتہ الوداع

5) پنڈت نہرو جی نے کانگریسی لیڈر سیٹھ گوند داس کے سوال کا یہ جواب دیا۔

A) ''اردو میری اور میری دادی کی زبان ہے۔''　　B) ''اردو بھلا کس کی زبان ہوسکتی ہے۔''

C) ''اردو ایک جاندار زبان ہے۔''　　D) ''اردو کسی کی زبان ہو ہی نہیں سکتی۔''

A) Ans : ''اردو میری اور میری دادی کی زبان ہے۔''

6) وہ منظوم کلام جس کا ہر شعر معنی کے اعتبار سے مکمل ہوتا ہے۔

A) رباعی B) غزل

C) قصیدہ D) مرثیہ

B) غزل : Ans

7) حضور اکرمؐ نے فرمایا ''ان کے معاملے میں خدا سے ڈرو۔''

A) بچوں B) بزرگوں

C) عورتوں D) پڑوسیوں

C) عورتوں : Ans

8) وہ نظم جس میں مرنے والے کے اوصاف یا تعریف بیان کی جاتی ہے۔

A) رباعی B) مرثیہ

C) منقبت D) مثنوی

B) مرثیہ : Ans

9) حضرت فاطمہؓ کے نورِ عین انہیں کہا گیا ہے۔

A) بی بی سکینہؓ B) حضرت زینبؓ

C) حضرت امام حسینؓ D) حضرت عباسؓ

C) حضرت امام حسینؓ : Ans

10) اعجاز احسنی نے رباعی میں سماج کی اِس بُرائی کی طرف اشارہ کیا ہے۔

A) رشوت  B) جہیز

C) مہنگائی  D) بچپن کی شادی

B) جہیز : Ans

11) وہ نظم جس میں حضور اکرمؐ کی تعریف وتوصیف بیان کی جاتی ہے۔

A) حمد  B) نعت

C) غزل  D) رباعی

B) نعت : Ans

12) ابتداء میں نسل آدم کو یہ آزادیاں تھیں۔

A) آسمانوں پر مسکن بنانے کی  B) چاند پر سیر کرنے کی

C) آسمان میں اڑنے کی  D) افق سے افق تک جہاں چاہے جانے کی۔

D) افق سے افق تک جہاں چاہے جانے کی۔ : Ans

13) واحد اور جمع کے اعتبار سے غیر متعلق لفظ الگ کیجئے۔

A) اوقات  B) مقامات

C) منزل  D) احکام

C) منزل : Ans

14) جملۂ اسمیہ وہ جملہ ہے جس میں

A) مسندالیہ اسم اور مسند فعل ہوں
B) مسندالیہ اور مسند دونوں فعل ہوں
C) مسندالیہ اور مسند دونوں اسم ہوں
D) جو دو مفرد جملوں سے مل کر بنے ہوں

Ans : C) مسندالیہ اور مسند دونوں اسم ہوں

15) ''خدا ایک ہے۔ہم اس کے بندے بھی ایک ہیں۔''

یہ جملہ کہنے والے

A) بھرت نارائن جی
B) ودیا چرن جی
C) اندومتی
D) مولانا رجب

Ans : D) مولانا رجب

16) امیر خسرو نے ابتداء میں یہ تخلص استعمال کیا۔

A) شیدائی
B) سلطانی
C) شاہی
D) سلیمانی

Ans : B) سلطانی

17) لال قلعے کے مشاعرے میں سنائی گئی جوش صاحب کی نظم کا عنوان تھا۔

A) آزادی کے پروانے
B) آزادیِ ہند
C) صبحِ آزادی
D) ماتمِ آزادی

Ans : D) ماتمِ آزادی

18) ''جگنو'' نظم کے شاعر کا نام

A) شوقؔ قدوائی
B) دلاور فگارؔ
C) فراقؔ گورکھپوری
D) سلیمان خمارؔ

Ans : C) فراقؔ گورکھپوری

19) دائی کی بات سن کر شاعر کے دل میں یہ خیال پیدا ہوتا ہے۔

A) کاش میں بھی ایک جگنو ہوتا۔
B) کاش میرے پاس گھر ہوتا۔
C) کاش میرے پاس موٹر کار ہوتی
D) کاش میرے پاس یہ کھلونہ ہوتا

Ans : A) کاش میں بھی ایک جگنو ہوتا۔

20) صورت کے لحاظ سے جملے کی دو قسمیں ہیں۔

A) جملۂ مفرد اور جملۂ مرکب
B) جملۂ اسمیہ اور جملۂ فعلیہ
C) جملۂ خبریہ اور جملۂ انشائیہ
D) جملۂ وصلی اور جملۂ سببی

Ans : A) جملۂ مفرد اور جملۂ مرکب

21) وہ جملہ جس میں کہنے والے کے خیال اور اس کی خواہش یا جذبے کا اظہار ہو۔

A) جملۂ اسمیہ
B) جملۂ فعلیہ
C) جملۂ خبریہ
D) جملۂ انشائیہ

Ans : D) جملۂ انشائیہ

22) مضمون کا آخری حصّہ کہلاتا ہے۔

A) آغاز     B) تمہید

C) خاتمہ     D) نفسِ مضمون

Ans : C) خاتمہ

23) سبق ''درشٹی'' کا تعلق اس نثری صنف سے ہے۔

A) افسانہ     B) ڈراما

C) خودنوشت سوانح عمری     D) تقریر

Ans : A) افسانہ

24) درشٹی سبق میں آنکھیں انہوں نے دان کی تھیں۔

A) بھرت نارائن جی     B) اندومتی

C) ودیاچرن جی     D) مولانا رجب

Ans : A) بھرت نارائن جی

25) امیر خسرو کا پسندیدہ پرندہ یہ تھا۔

A) کبوتر     B) کوئل

C) مور     D) مینا

Ans : C) مور

26) معنوی فرق لکھئے۔

لفظ ''ارض'' کے معنی زمین کے ہیں جبکہ ''عرض'' کے معنی ہیں۔

A) گذارش　　B) گذشتہ

C) وقت گزارنہ　　D) بات کرنا

Ans : گذارش　(A

27) محاورہ ''پہاڑ ٹوٹنا'' کے معنی یہ ہیں۔

A) مصیبت پڑنا　　B) پہاڑ چڑھنا

C) کامیاب ہونا　　D) پتھر پھوڑنا

Ans : مصیبت پڑنا　(A

28) کلام میں کسی دو الگ چیزوں کو ان کی مشترک صفت کی بنا پر ایک دوسرے کی مثال دی جاتی ہے تو اسے کہتے ہیں۔

A) تلمیح　　B) استعارہ

C) صنعتِ تکرار　　D) تشبیہہ

Ans : تشبیہہ　(D

29) نِچ حُسنِ تعین سے، ظاہر ہو کہ باطن ہو

یہ قیدِ نظر کی ہے، وہ فکر کا زنداں ہے

مذکورہ شعر میں استعمال کی گئی صنعت ہے۔

A) صنعتِ تلمیح　　B) صنعتِ تضاد

C) صنعتِ تشبیہہ　　D) صنعتِ استعارہ

Ans : صنعتِ تضاد　(B

30) لفظ ''آقا'' کی ضد یہ ہے۔

A) انعام　　B) مقام

C) انجام　　D) غلام

D) غلام : Ans

31) اپنے والدین، رشتہ دار اور دوستوں کو لکھے جانے والے خطوط کہلاتے ہیں۔

A) دفتری خطوط　　B) سرکاری خطوط

C) نجی خطوط　　D) تجارتی خطوط

C) نجی خطوط : Ans

32) چار مصرعوں پر مشتمل نظم کہلاتی ہے۔

A) غزل　　B) رباعی

C) مرثیہ　　D) حمد

B) رباعی : Ans

33) درج ذیل میں مرکب جملہ ہے۔

A) رات گزاری　　B) منادی ہوئی

C) اماں ملازمہ تھیں　　D) خدا کا پیغام پہنچا دیا اور اپنا فرض ادا کر دیا۔

D) خدا کا پیغام پہنچا دیا اور اپنا فرض ادا کر دیا۔ : Ans

34) غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے۔

A) مطلع　　B) مقطع

C) حسنِ مطلع　　D) بیت الغزل

B) مقطع : Ans

35) احمد نگر کی جیل میں پنڈت جواہر لال نہرو کو انہوں نے اردو زبان سیکھنے میں مدد کی۔

A) فراق گورکھپوری　　B) مولانا ابوالکلام آزاد

C) قاضی عبدالودود　　D) اندرا گاندھی

B) مولانا ابوالکلام آزاد : Ans

36) ان میں سے ماہر القادری کی مشہور و مقبول نعتیہ نظم ہے۔

A) ظہورِ قدسی　　B) جذباتِ ماہر

C) فاران　　D) ذکرِ جمیل

A) ظہورِ قدسی : Ans

37) اصغؔر سے ملے لیکن، اصغؔر کو نہیں دیکھا

اشعار میں سنتے ہیں، کچھ کچھ وہ نمایاں ہے

اِس شعر میں استعمال کی گئی صنعت ہے۔

A) صنعتِ تلمیح　　B) صنعتِ تضاد

C) صنعتِ تشبیہہ　　D) صنعتِ تکرار

D) صنعتِ تکرار : Ans

38) اِن جملہ انشائیہ میں شرط کی مثال ہے۔

A) اگر محنت نہ کرتے تو کامیاب نہ ہوتے
B) ہائے! یہ تباہی دیکھی نہیں جاتی
C) واللہ کمال کا آدمی ہے
D) میری ضرورت پوری کر دیں۔

Ans : A) اگر محنت نہ کرتے تو کامیاب نہ ہوتے

39) کلام میں کسی واقعہ، قصّہ یا روایت کی طرف اشارہ کرنا کہلاتا ہے۔

A) صنعتِ تضاد
B) صنعتِ استعارہ
C) صنعتِ تلمیح
D) صنعتِ تکرار

Ans : C) صنعتِ تلمیح

40) امیر خسرو نے کم عمری میں یہ فن سیکھا۔

A) فنِ سپہ گری
B) فنِ کاریگری
C) فنِ خطاطی
D) فنِ طب

Ans : C) فنِ خطاطی